© rasailojaraid.com



# تبصرے

**نمازِ جنازہ خارج مسجد عہدِ رسالت میں** از جناب مولانا عبداللہ خاں کرتپوری، محلہ کوٹلہ، کرتپور ضلع بجنور یوپی۔
صفحات ۹۶ سائز ۲۰ × ۳۰ کتابت و طباعت اوسط قیمت دو روپیہ، خود مصنف کے پتے سے اور مکتبہ دینیہ دیوبند سے مل سکتی ہے۔

مولانا عبداللہ خاں صاحب بڑے محقق عالم اور علامہ انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ کے ذی علم تلامذہ میں ہیں، موصوف نے بہت کم لکھا ہے مگر جب لکھا ہے بہت تحقیق کے ساتھ بہت مبسوط و مفصل لکھا ہے، عللِ حدیث و اسماء الرجال کی دقیق بحثوں اور اُلجھے ہوئے اختلافی مسائل پر اُن کی بڑی گہری نظر ہے چنانچہ اب تک ہماری نظر میں ان کے تین مقالے آئے ہیں اور تینوں ہی اختلافی موضوعات میں ہیں جن کو موصوف نے بڑی دقّتِ نظر اور نہایت تحقیق و تدقیق سے لکھا ہے

(۱) الاقوال الصحیحۃ فی تابعیۃ الامام ابی حنیفہ۔ شائع شدہ ۱۳۶۵ھ

(۲) نماز بوقتِ خطبہ پر محققانہ بحث۔ یہ ۱۹۶۱ء میں قسط وار اسی برہان میں شائع ہوا تھا صفحات ۸۸۔

اور تیسرا مقالہ یہی زیرِ تبصرہ ہے جو کتابی شکل میں شائع ہوا ہے، نمازِ جنازہ



© rasailojaraid.com